مطبوعات

تحذیر الناس از حجۃ الاسلام مولینا محمد قاسم نانوتوی - مع تکملہ از مولینا محمد ادریس کاندھلوی - ناشر: دارالاشاعت مولوی مسافرخانہ کراچی ملا
قیمت درج نہیں - عام قسم کی کتابت و طباعت -

تحذیر الناس مؤلف ایضاً - ناشر: کتب خانہ رحیمیہ، دیوبند ضلع سہارنپور -
قیمت: ۴/- روپے

مشہور اثر ابن عباسؓ: فی کل ارضٍ آدمُ کآدمکم ..... و نبیٌّ کنبیکم کے پس منظر کے ساتھ اس مشہور رسالہ میں مولینا نانوتوی نے مسئلہ ختم النبوت کو لیا ہے - زبان و انداز بیان پر منطقیانہ رنگ غالب ہے اور آج کے لوگوں کے ذہنوں کے لیے ایک جنسِ غریب - اس منطقیانہ بحث کے خلاف مخالف حلقوں کی طرف سے عوامی عقیدت کو بنیاد بنا کر مناظرانہ طرز پہ جو اعتراض اُٹھائے گئے ہیں اُن کی گنجائش منطقی اسلوب نے دی ہے، ورنہ نانوتوی صاحب کے نہ عقیدہ و نظریہ میں کوئی حقیقی خرابی ہے اور نہ خدانخواستہ کسی طرح کا فتور نیت !

البتہ راقم اتنی بڑی دینی شخصیت کا پورا پورا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے یہ کہنا چاہتا ہے کہ دین کے بنیادی عقائد (توحید، نبوت، آخرت) کو جس طرح قرآن نے نہایت سادہ اسلوب میں پیش کیا ہے، اسی طرح علمائے دین کو یہ چیزیں بغیر پیچیدہ فلسفیانہ اور منطقی بحثوں کے دل نشیں انداز میں عوام تک پہنچا دینی چاہییں - ورنہ مغالطوں اور الجھنوں کا پیدا ہونا یا پیدا کیا جانا بالکل ممکن ہو جاتا ہے - حضرت ابن عباسؓ کے اثر